# Press Release

June 20, 2019
For immediate release

## ایس ای سی پی نے مئی میں 1,323 کمپنیاں رجسٹر کیں، تعداد ایک لاکھ سے تجاوز کر گئی

اسلام آباد (جون 20) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے مئی میں 1,323 نئی کمپنیاں رجسٹر کیں۔ یہ تعداد گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 21 فیصد زیادہ ہے۔ اب رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد 1,00،532 ہو گئی ہے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے رجسٹریشن کے عمل کو سہل بنانے، فیسوں میں کمی، کمپنی رجسٹریشن اور قومی ٹیکس نمبر کے حصول کے لئے ون ونڈو آپریشن جیسی سہولتوں کی وجہ سے کمپنیوں کی رجسٹریشن کے رجحان میں اضافہ ہو رہا ہے۔

رجسٹر ہونے والی 73 فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیوں کے طور پر رجسٹر ہوئیں جبکہ 24 فیصد نے سنگل ممبر کمپنیوں کے طور پر رجسٹریشن حاصل کی اور 3 فیصد میں بطور پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش ایسوسی ایشن، غیر ملکی کمپنیاں اور لمیٹیڈ لائیبیلیٹی پارٹنر شپس شامل ہیں۔ مئی میں 55 فیصد کمپنیوں کی رجسٹریشن آن لائن کی گئی۔ ایس ای سی پی نے اپنے براؤزر کی مطابقت کو بھی بہتر بنایا ہے اب گوگل کروم، موزیلا فائر فاکس اور مائیکر سافٹ ایج کے ذریعے بھی کمپنی کی آن لائن رجسٹریشن کروائی جاسکتی ہے۔

سب سے زیادہ یعنی 199 کمپنیاں ٹریڈنگ کے شعبے میں رجسٹر ہوئیں۔ خدمات کے شعبے میں 162، انفرمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں 153، تعمیرات کے شعبے میں 136، سیاحت میں 74، رئیل اسٹیٹ میں 55، خوراک و مشروبات میں 59، تعلیم میں 41، کارپوریٹ ایگری کلچر فارمنگ میں 56، مارکیٹنگ، اشتہارات اور ٹیکسٹائل میں 40،40، انجنیئرنگ میں 29، فارماسیوٹیکل میں 23، ٹرانسپورٹ میں 21، لاگنگ، کان کنی / کھدائی میں 19،19، ایندھن اور توانائی میں 18، براڈکاسٹنگ / ٹیلی کاسٹنگ اور ہیلتھ کیئر میں 15، آٹو اینڈ الائیڈ میں 15، کیمیکل میں 13، کازمیٹکس اور ٹوائلیٹری میں 12، کمیونی کیشن، بجلی کی پیداوار میں 11، 11 اور 87 کمپنیاں دیگر شعبوں میں رجسٹر کی گئیں۔

مئی میں کل 67 کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ ان کمپنیوں میں سرمایہ کاری کرنے والوں کا تعلق بحرین، چلی، چین، فرانس، جرمنی، انڈونیشیا، عراق، جاپان، اردن، جنوبی کوریا، کویت، لبنان، نائجیریا، ناروے، فلپائن، سعودی عرب، اسپین، سری لنکا، ترکی، برطانیہ اور امریکہ سے ہے۔

اس ماہ میں سب سے زیادہ کمپنیاں اسلام آباد میں رجسٹر ہوئیں جن کی تعداد 500 ہے۔ لاہور میں 362 اور کراچی میں 231 کمپنیاں رجسٹر کی گئیں۔ کمپنی رجسٹریشن آفس پشاور، ملتان، گلگت بلتستان، فیصل آباد، کوئٹہ اور سکھر میں بالترتیب 9، 37، 48، 60، 74 اور 2 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔